No. of Printed Pages : 6 **BUDC-101**

# B.A. Hons. (Urdu) (BAUDH)

## Term-End Examination

## December, 2024

## BUDC-101 : Study of Urdu Fiction

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ ذیل میں دیے گئے سبھی حصوں سے سوالوں کے جوابات لازمی ہیں۔ سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ داستان کی تعریف بیان کیجیے اور اس کے فن پر روشنی ڈالیے۔ ۲۰





یا

باغ و بہار کے حوالے سے میر امن کی داستان نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

۲۔ رجب علی بیگ سرور کی داستان نگاری کا جائزہ لیجیے۔ ۲۰

یا

اردو ناول کے آغاز و ارتقا پر نوٹ لکھیے۔

(حصہ ب)

۳۔ داستانوں میں معاشرت کی عکاسی پر مضمون تحریر کیجیے۔ ۱۵



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

رجب علی بیگ سرور کا تفصیلی تعارف پیش کیجئے۔

۴۔ ناول کی تعریف بیان کیجئے اور اس کے اجزائے ترکیبی لکھئے۔ ۱۵

یا

کرشن چندر کی افسانہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(حصہ ج)

۵۔ پریم چند کی افسانہ نگاری پر مضمون لکھئے ۔ ۱۰





یا

یہ اقتباس کس افسانہ سے لیا گیا ہے۔ افسانہ نگار کا نام بتایئے اور اقتباس کا مرکزی خیال بیان کیجئے۔

پوس کی اندھیری رات۔ آسمان پر تارے بھی ٹھٹھرتے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔ ہلکو اپنے کھیت کے کنارے اوکھ کے پتوں کی ایک چھتری نیچے بانس کے کھٹولے پر اپنی پرانی گاڑھے کی چادر اوڑھے ہوئے کانپ



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

رہا تھا۔ کھٹولے کے نیچے اس کا ساتھی کتا 'جبرا' پیٹ میں منھ ڈالے سردی سے کوں کوں کر رہا تھا۔ دو میں سے ایک کو بھی نیند نہ آتی تھی۔

ہلکو نے گھٹنوں کو گردن میں چمٹائے ہوئے کہا کیوں جبرا جاڑا لگتا ہے۔ کہا تو تھا گھر میں یہاں پر لیٹ رہ۔ تو یہاں کیا لینے آیا تھا۔

۶۔ اردو افسانے کے اجزائے ترکیبی بیان کرتے ہوئے آغاز و ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔ ۱۰





یا

منٹو کی افسانہ نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

۷۔ آزادی کے بعد اردو ناول نگاری کا جائزہ لیجیے۔ ۱۰

یا

آزادی کے بعد اردو افسانہ نگاری کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

×××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com